# 22069 ـ پوکیمین کھیلنے کا حکم

**سوال**

پوکیمین کے ساتھ کھیلنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

پوکیمین کا کھیل قمار بازی اور جوا کی ایك قسم ہے، اور اس کے علاوہ یہ کئی ایك الحادی عقیدہ کی علامات پر مشتمل ہے، جس سے قریب ہے کہ آسمان پھٹ جائے، اور زمین شق ہو جائے، اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں، تو اللہ تعالی ظالموں کے اس قول سے بہت ہی بلند و بالا ہے.

رہا یہ کہ یہ کھیل قمار بازی کی ایك قسم ہے، وہ اس طرح کہ یہ کھیل دو یا دو سے زیادہ افراد کھیلتے ہیں اور ان میں سے ہر ایك شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ دوسرے کے پاس ٹکرے کو اپنے پاس جمع کر لے، اور اس ٹکڑے کی کھیل مارکیٹ میں طلب اور پیش کرنے کے اعتبار سے انشورنس ہوتی ہے، اور اس کے علاوہ کئی دوسرے وسائل مثلا فاسٹ فوڈ اور ٹماٹو چپس وغیرہ سے بھی ہوتی ہے، اور بعض اوقات جیتنے والا کھلاڑی ہارنے والے کو اس کی خریداری کی پیشکش کرتا ہے اور پھر وہ دوبارہ کھیلتا تا کہ وہ دوبارہ اسے حاصل کر لے، اور اس کے بعینہ قماربازی اور جوا ہونے میں کوئی شك و شبہ نہیں، تو اسطرح یہ کھیل دنیا میں بچوں کو قماربازی کی تربیت دینے اور قمار بازی اور برائی و فحاشی کے عمل کرنے کی دعوت و تربیت ہے.